NHS National Services Scotland

گروپ A اسٹریپٹو کوکل انفیکشن۔

معلومات برائے مریض۔

Health Protection Scotland

گروپ A اسٹریپٹو کوکل انفیکشن کیا ہے؟

گروپ A اسٹریپٹو کوکس (GAS) ایسے بیکٹیریا (جراثیم) ہوتے ہیں جو کوئی نقصان یا انفیکشن پیدا کیے بغیر ناک، حلق یا جلد پر موجود رہ سکتے ہیں۔ بسا اوقات یہ بیکٹیریا جسم کے ان حصّوں میں پہنچ جاتے ہیں جہاں عام طور پر وہ نہیں ہوتے ہیں، مثال کے طور پر خون، عضلات یا پھیپھڑے میں، اور اس صورت میں یہ انفیکشن کا باعث ہو سکتے ہیں۔

مجھے GAS انفیکشن کس طرح ہوتا ہے؟

GAS بنیادی طور پر کسی متاثرہ شخص کے کھانسنے، چھینکنے یا بوسہ دینے کے دوران سانس کی نالی (ناک اور حلق) میں ذرات کے سرایت کر جانے کی وجہ سے ہوتا ہے۔ یہ بیکٹیریا ان ہاتھوں کے ذریعہ بھی زخموں یا جلد کے شگافوں میں پھیل سکتا ہے جنہیں دھویا نہ گیا ہو۔

مجھے کیسے پتہ چلے گا کہ میں GAS سے متاثر ہوں؟

صحت نگہداشت کا کارکن (نرس یا ڈاکٹر) پھاہے کی مدد سے متاثرہ جگہ کا ایک نمونہ حاصل کرکے اسے جانچ کے لیے کسی لیبارٹری کو بھیج دے گا کہ آیا آپ کو کوئی انفیکشن ہے۔ آپ نا ساز محسوس کر سکتے ہیں اور ہو سکتا ہے آپ کو زیادہ بخار، حلق کی سوزش یا سوجے ہوئے غدود جیسی علامات کا سامنا ہو۔

انفیکشن کتنا سنگین ہے؟

GAS کے باعث ہونے والے انفیکشنز معتدل تا شدید ہو سکتے ہیں۔ بیشتر انفیکشنز معتدل ہوتے ہیں، مثال کے طور پر، حلق کی سوزش یا جلد کا انفیکشن۔

کچھ لوگوں کو ایک نہایت سنگین انفیکشن ہو سکتا ہے جسے متجاوز گروپ A اسٹریپٹو کوکس یا iGAS کہا جاتا ہے۔ یہ تب ہوتا ہے جب بیکٹیریا زہر خارج کرنے لگتا ہے جو کہ جسم کے دوسرے مقامات میں پھیل جاتا ہے، مثال کے طور پر، خون، عضلات یا پھیپھڑوں میں۔ ہونے والے انفیکشن میں بہت زیادہ فرق ہو سکتا ہے اور بسا اوقات طبی مداخلتوں جیسے سرجری (آپریشن) کی ضرورت پیش آجاتی ہے۔

اگر مجھے GAS انفیکشن ہو جاتا ہے تو میرا علاج کس طرح کیا جائے گا؟

GAS انفیکشن سے متاثرہ بیشتر لوگوں کو انفیکشن کے علاج کے لیے اپنے جی پی (فیملی ڈاکٹر) سے صرف اینٹی بائٹکس (دوا) لینے کی ضرورت ہوگی۔

اگر آپ ہسپتال میں ہیں تو جب تک اینٹی بائٹکس سے انفیکشن کا علاج مکمل نہیں ہوجاتا آپ کو کچھ دنوں کے لیے ایک سنگل روم میں قیام کرنے کی ضرورت پڑ سکتی ہے تاکہ انفیکشن کو دوسروں میں پھیلنے سے روکا جا سکے۔

آپ کی دیکھ بھال کرنے والا عملہ ہمیشہ ہاتھ سے متعلق درست صفائی ستھرائی کا خیال رکھے گا، دستانے اور ایپرن پہنے رہے گا، نیز اگر آپ کو سانس کی پریشانیاں ہیں تو وہ ماسک لگائے گا۔

عملہ آپ کے دوستوں اور رشتہ داروں کو ملاقات سے قبل اور اس کے بعد صابن، پانی یا الکحل پر مشتمل ہینڈ رب کا استعمال کر کے ہاتھ سے متعلق درست صفائی ستھرائی رکھنے کی ہدایت دے گا۔

اگر آپ کو iGAS انفیکشن ہے تو آپ کے لیے مطلوبہ علاج میں دیگر طبی مداخلتیں شامل ہو سکتی ہیں۔ عملہ ہمیشہ آپ سے اور آپ کے اہل خانہ کے ساتھ ان پر بات چیت کرے گا۔

اپنے دوستوں اور اہل خانہ تک اس انفیکشن کو پھیلنے سے روکنے کے لیے میں کیا کر سکتا ہوں؟

بیشتر لوگ جب کسی GAS سے متاثرہ شخص کے رابطہ میں آتے ہیں تو انہیں انفیکشن نہیں ہوتا ہے۔

یقینی بنائیں کہ آپ اپنے ہاتھوں کو صابن اور گرم پانی سے اچھی طرح دھوتے ہیں، خاص طور پر کھانسنے یا چھینکنے یا زخموں یا جلد کے شگافوں کو چھونے کے بعد۔

اگر آپ کے دوستوں یا اہل خانہ میں مندرجہ ذیل کوئی نشانیاں یا علامات فروغ پاتی ہیں تو انہیں اپنے جی پی (فیملی ڈاکٹر) سے یہ بتانے کے لیے رابطہ کرنا چاہیے کہ وہ کسی ایسے شخص کے رابطہ میں آگئے ہیں جو کسی GAS انفیکشن سے متاثر ہے۔

- حلق کی سوزش
- زیادہ بخار
- عضلات میں درد یا تکلیف
- زخموں کے ارد گرد جلد کے سرخ ہونے کی حالت

اگر آپ GAS انفیکشن سے متعلق کسی بھی چیز کے بارے میں فکر مند ہیں یا پُر یقین نہیں ہیں تو برائے مہربانی اپنی نگہداشت کے لیے ذمہ دار سسٹر، اسٹاف نرس یا کیئر ورکر سے بات کریں۔ ان کی تفصیلات حسب ذیل ہیں:

نام:

ڈپارٹمنٹ:

فون نمبر:

یہ ورقچہ مختلف زبانوں، بڑے پرنٹ اور بریل (صرف انگریزی) میں دستیاب ہے۔ برائے مہربانی مزید معلومات کے لیے 0141 300 1100 پر فون کریں۔

Crystal Mark
22721
Clarity approved by
Plain English Campaign